
iotc ctoi

# سمندری کچھوؤں کی شناخت کے کارڈ



بحرِ ہند کی ماہی گیری کے لئے

# Flatback turtle

*(Natator depressus)*



## ہموار پشتی کچھوا

**اوسط لمبائی:** ۹۰ سینٹی میٹر

**اوسط وزن:** ۷۰ کلوگرام

**رنگ:** سرمئی سے زیتونی۔ سبز خول؛ بازو اور دم کے نچلے حصے زرد یا سفیدی مائل رنگ کے

**غذا:** سمندری کھیرے، قشریئے اور دیگر غیر فقاریئے

**درجہ:** IUCN: محدود معلومات، CITES: اضافیت۔ I (Appendix-I)

(بین الاقوامی تجارت اور ترسیل ممنوع)



Photo: Dr Colin Limpus


# Flatback turtle

(*Natator depressus*)




حدلمبائی: ۱۰۰ اسینٹی میٹر

حدوزن: ۸۵ کلوگرام



خول:

چار جوڑے صدری کھپرے،
پہلا جوڑا اقفائی کھپرے سے
جڑا ہوا نہیں؛ جانبی کنارے
قدرے اوپری طرف مڑے ہوئے

FAO
**FBT**

- PREFRONTAL
- NUCHAL
- COSTAL
- VERTEBRAL
- LATERAL

# Loggerhead turtle

*(Caretta caretta)*



## گاؤدی کچھوا

**اوسط لمبائی:** ۱۰۰ سینٹی میٹر

**اوسط وزن:** ۱۱۰ کلوگرام

**رنگ:** سرخی مائل بھورے سے نارنجی مائل بھورا خول


**غذا:** قشریئے، صدفیئے، مچھلی اور خارپشتی

**درجہ:** IUCN: خطرے میں، CITES: اضافیت۔I (Appendix-I)

(بین الاقوامی تجارت اور ترسیل ممنوع)



Photo: World Wildlife Fund



Loggerhead turtle
(Caretta caretta)
پانچ قبل ماتھا چانے
بڑا سر
حد لمبائی: ۱۱۰ سینٹی میٹر
حد وزن: ۱۵۰ کلوگرام
خول:
پانچ جوڑے صدری کھپرے،
پہلا جوڑا اقفائی کھپرے سے
جڑا ہوا
PREFRONTAL
NUCHAL
COSTAL
VERTEBRAL
FAO
TTL

# Hawksbill turtle

*(Eretmochelys imbricata)*



## شکرے کی چونچ کچھوا

**اوسط لمبائی:** ۹۰ سینٹی میٹر **اوسط وزن:** ۶۰ کلوگرام

**رنگ:** سرخی مائل بھورے سے نارنجی خول، بھورے اور کالے نشانات کے ساتھ؛ سر کے چانے اور بازو گہرے، ہلکی رنگین پٹیوں سے جدا؛ دم بازوؤں کے نچلے حصے بہت زیادہ گہرے زرد

**غذا:** نرم مونگے، قشریئے اور میہ

**درجہ:** IUCN: انتہائی خطرے سے دوچار، CITES: اضافیت۔I (Appendix-I) (بین الاقوامی تجارت اور ترسیل ممنوع)




# Hawksbill turtle

*(Eretmochelys imbricata)*




حد لمبائی: ۱۰۰ اسینٹی میٹر
حد وزن: ۱۲۰ کلوگرام



خول:

چار جوڑے صدری کھپرے،
پہلا جوڑا اقفائی کھپرے سے جڑا ہوا نہیں؛
خول کے کھپرے عام طور پر متجاوز لیکن عمر
کے ساتھ یہ حالت ختم ہو جاتی ہے

- PREFRONTAL
- NUCHAL
- COSTAL
- VERTEBRAL

FAO
TTH

# Leatherback turtle

*(Dermochelys coriacea)*



## سنگ پشت کچھوا

اوسط لمبائی: ۱۷۰ سینٹی میٹر

اوسط وزن: ۴۵۰ کلوگرام (۹۱۸ کلوگرام تک ریکارڈ)

رنگ: کمر (کاذب خول) اور پورا جسم: گہرا نیلاہٹ مائل سیاہ، سفید دھبوں کے ساتھ


غذا: عام طور پر لنگارہ لیکن صدفیئے، سمندری جھاڑیاں یا پودے بھی

درجہ: IUCN: انتہائی خطرے سے دوچار، CITES: اضافیت ۔I (Appendix-I)
(بین الاقوامی تجارت اور ترسیل ممنوع)




# Leatherback turtle

*(Dermochelys coriacea)*




حد لمبائی: ۲۲۰ سینٹی میٹر
حد وزن: ۹۲۰ کلوگرام




FAO
DKK

# Olive ridley turtle
(*Lepidochelys olivacea*)



## زیتونی کچھوا

اوسط لمبائی: ۷۰ سینٹی میٹر　　اوسط وزن: ۴۵ کلوگرام

رنگ: خول اور بازوؤں کے نچلے حصے سبز سے گہرے بھورے مائل سبز: بازوؤں کے اوپری حصے اور گردن سرمائل سبز۔ خول تقریباً لمبائی کے برابر چوڑا

غذا: قشریئے، صدفیئے، لنگارہ، بہت ہی کم سمندری جھاڑی اور پودے

درجہ: IUCN: زوپزیر، CITES: اضافیت۔ I (Appendix-I)
(بین الاقوامی تجارت اور ترسیل ممنوع)



Photo: Dr Colin Limpus

# Olive ridley turtle

*(Lepidochelys olivacea)*




حد لمبائی: ۷۵ سینٹی میٹر

حد وزن: ۸۰ کلوگرام

خول:

پانچ یا زیادہ جوڑے صدری کھپرے
(ضروری نہیں کہ دونوں طرف
تعداد یکساں ہو)،
پہلا جوڑا قفائی کھپرے سے جڑا ہوا

PREFRONTAL

NUCHAL

COSTAL

VERTEBRAL

FAO

LKV

# Green turtle
## (*Chelonia mydas*)



سبز کچھوا

اوسط لمبائی: ۱۱۰ سینٹی میٹر اوسط وزن: ۱۴۵ کلوگرام

رنگ: زیتونی۔سبز خول، بلوغت میں سیاہ دھبوں کے ساتھ (>90cm)؛ نوخیز میں اینٹ سا سرخ،
کچھ دھاریوں کے ساتھ؛ پیدائش کے وقت خول اور بازو نیلاہٹ مائل سیاہ، سفید کناروں کے ساتھ

غذا: بالغ: سبزی خور (نباتات خور)؛ نوجوان: عام طور پر گوشت خور (چھوٹے قشریئے، اور صدفیئے اور دیگر غیر فقاریئے)

درجہ: IUCN: خطرے سے دوچار، CITES: اضافیت۔I (Appendix-I)
(بین الاقوامی تجارت اور ترسیل ممنوع)




Photo: Vincent Liardet

# Green turtle
*(Chelonia mydas)*




حد لمبائی: ۱۲۰ سینٹی میٹر
حد وزن: ۲۵۰ کلوگرام



خول:

چار جوڑے صدری کھپرے،
پہلا جوڑا اقفائی کھپرے سے
جڑا ہوا نہیں؛

- PREFRONTAL
- NUCHAL
- COSTAL
- VERTEBRAL

FAO
TUG

# کنڈی میں پھنسے ہوئے کچھوؤں کی رہائی

## اگر کوئی کچھوا پکڑا جائے، تو اس کے ممکنہ بچاؤ کے لئے درج ذیل اقدامات کیئے جائیں

**A**

کچھوے کی جسامت کا اندازہ کریں





اگر بڑا ہو تو رہا کر دیں یا اگر وہ پھنسا ہوا ہے تو پھنسی ہوئی
ڈوری کو کاٹنے کے لئے چاقو یا gaff کا استعمال کریں




اگر چھوٹا ہو تو اسے کشتی پر چھوٹے Dip net
سے اوپر لے آئیں

**B**

کچھوے کے منہ میں ایک لکڑی کا ٹکڑا رکھ دیں تا کہ وہ کاٹ نہ سکے



اگر کنڈی نظر آرہی ہے تو اسکی نوک کو کاٹ دیں اور ہک کو
نکال دیں یا کنڈی نکالنے والا آلہ استعمال کریں



اگر کنڈی نظر نہیں آرہی تو
اسکی ڈوری کو منہ کے قریب سے کاٹ دیں

**C**

رہا کرنے سے پہلے کچھوے کی حالت کا تعین کریں، اس بات کا اندازہ کریں کہ وہ کس حد تک جاندار ہے،

کشتی پر اسے کم سے کم چار گھنٹے یا چوبیس گھنٹے تک رکھیں



پہلے بازوؤں کو کشتی کے عرشے سے بیس سینٹی میٹر اوپر رکھیں
تا کہ پھیپھڑوں سے پانی نکل جائے



کچھوے کو سایہ دار جگہ پر رکھیں اور اسے بھیگے
تولیئے سے ڈھک دیں

**D**

کچھوے کی اقسام کو پہچاننے کی کوشش کریں
اور پھر احتیاط کے ساتھ اسے پانی میں چھوڑ دیں



**E**

روزنامچہ میں اس تمام باہمی عمل کا
اندراج کریں اور اپنے ماہی گیری
کے محکمے کو مطلع کریں



# MARINE TURTLE ASIAN NAMES

|  |  |  |  |  |  |
|---|---|---|---|---|---|
| **Flatback turtle** | **Green turtle** | **Hawksbill turtle** | **Leatherback turtle** | **Loggerhead turtle** | **Olive ridley turtle** |
| 平背游龟 | 绿海龟 | 玳瑁 | 棱皮龟 | 蠵龟 | 丽龟 |
| 납작등 바다 거북 | 녹색 바다 거북 | 매부리 바다 거북 | 장수 바다 거북 | 붉은 바다 거북 | 꼬마 바다 거북 |
| Penyu punggung rata | Penyu hijau | Penyu sisik | Penyu belimbing | Penyu anjing, penyu kepala besar, penyu kakaktua | Penyu lumpur |
| ヒラタウミガメ | アオウミガメ | タイマイ | オサガメ | アカウミガメ | ヒメウミガメ |
|  | Bildog, Katuan, Payukan, Pudno, Tabugon, Tortuga, Tuod. | Karahan, Sisik, Sisikan, Ulinaban. | Abi labi, Balimbing, Beneracan, Kantuhan, Kulod Manahanga | Bulawon, Garanga. | Kalady, Lambangan, Latun, Lunok, Mukoy. |
| 平背龜 | 綠蠵龜 | 玳瑁 | 革龜 | 赤蠵龜 | 欖蠵龜 |

# سمندری کچھوے خطرے سے دوچار انواع ہیں

## ماحولیات:

- سمندری کچھوے سمندروں میں تقریباً سو ملین سال سے رہ رہے ہیں۔
- سمندری کچھوؤں کی شناخت شدہ سات انواع میں سے چھ بحر ہند میں پائی جا سکتی ہیں۔
- سمندر میں کئی دہائیاں گزارنے کے بعد مادہ واپس اسی ساحل کی طرف آتی ہیں جہاں پر ان کی پیدائش ہوئی تھی اور وہاں پر تین سے چار کامیاب کوششوں میں کئی درجن انڈے دیتی ہیں۔
- انواع پر مبنی تقریباً 90-45 کی بیضانت کے بعد نوزائیدہ کچھوے بل سے نکل کر سمندر میں چلے جاتے ہیں۔
- ہزار میں سے صرف ایک نوزائیدہ کچھوا بالغ عمر کو پہنچتا ہے۔ قدرتی اموات کی شرح بہت زیادہ ہونے کی وجہ سے سمندر میں ملنے والا ہر انفرادی کچھوا اہمیت کا حامل ہے۔
- سمندر میں کچھوؤں کی غذا کئی اقسام کی ہوتی ہیں جو کہ ان کی نوع پر منحصر ہے جن میں لنگارہ، سمندری گھاس، اسپنج، مونگے، غیر فقاریے اور مچھلیاں شامل ہیں۔

## سمندری کچھوؤں کو لاحق خطرات:

- تجارتی ماہی گیری کے آلات جن میں ماہور (اوڈوا/سراپی) یا Pelagic جال اور تیرنے والے مچھلی مجتمع کرنے والے آلے شامل ہیں حادثاتی اموات کا سبب بنتے ہیں۔
- زہریلے فضلے کو نگلنے سے، جن میں پلاسٹک، Polystyrene، سگریٹ کے فلٹر وغیرہ
- گوشت، انڈوں اور خول کا غیر قانونی شکار
- ترقیاتی کاموں کی وجہ سے انڈے دینے کی جگہوں کا ضیاع

# ان کے تحفظ کے کام میں حصہ لیجیئے

## اگر آپ ایک تجارتی ماہی گیری کی کشتی پر ہیں:

- سمندری کچھوؤں کے حادثاتی شکار کو کم کرنے کے لئے ماہرین کی رائے پر عمل کریں۔
- اگر آپ نے حادثاتی طور پر سمندری کچھوے کو پکڑلیا ہے تو اسکے بچاؤ کے لئے بہترین تکنیک کا استعمال کریں تا کہ واپس سمندر میں جانے کے بعد اسکی بقا کے مواقع بڑھ سکیں ۔
- کچھوؤں کی انواع کی پہچان کے لئے ان کارڈز کا استعمال کریں، اپنے روزنامچے میں اسکا اندراج کریں اور اپنے ماہی گیری کے محکمے کو مطلع کریں تا کہ اہم معلومات جمع کرنے میں آسانی ہو۔
- کچھوے کے بازو پر یا کسی اور tag کو چیک کریں۔ tag کا نمبر، تاریخ اور پکڑنے کا مقام نوٹ کریں۔ اگر ممکن ہو تو جانور کو آزاد کرنے سے پہلے اسکی ایک تصویر بنائیں اور یہ معلومات tag پر درج پتے پر ارسال کریں۔

## اگر آپ کچھوے کے انڈے دینے والی جگہ پر ہوں:

- بالغ کچھوؤں کو تنگ نہ کریں کیونکہ یہ انڈے دینے ساحل پر آتے ہیں۔ ان سے فاصلے پر رہیں اور ان پر روشنی نہ ڈالیں ورنہ یہ اس مقام کو چھوڑ کر چلے جائیں گے۔ اگر آپ تصویر بنانا چاہتے ہیں تو جب جانور انڈے دینے لگے تو بغیر فلیش کے تصویر بنائیں۔
- کچھوؤں یا ان کے انڈوں کو نہ چھوئیں۔
- اگر آپ ساحل پر کچھوؤں کے نوزائیدہ بچوں کو دیکھیں تو انہیں نہ پکڑیں چونکہ یہ سمندر کی طرف جاتے ہیں۔
- کتوں کو دور رکھیں، یہ ان کے سب سے ممکنہ شکاری ہیں۔

## بین الاقوامی اور اقوامی حفاظتی اقدامات

- خطرے سے دوچار انواع کی بین الاقوامی تجارت پر Convention سمندری کچھوؤں کی ساتوں انواع کی بین الاقوامی تجارت کو منظم کرتی ہے
- Convention on Migratory Species (CMS) اور Indian Ocean Marine Turtle MoU (IOSEA) رکن ممالک سے توقع ہے کہ وہ مقامی تحفظی پروگرام لاگو کریں گی اور باہمی تحفظی پروگرام میں تعاون کریں گی
- بہت سے ممالک نے اپنے قوانین کے ذریعے کچھوؤں کے شکار اور فروخت یا مقامی خوراک کے طور پر استعمال پر پابندی لگائی ہوئی ہے


## سمندری کچھوؤں کے لئے IOTC کے ضروری تقاضے

درج ذیل میں IOTC کے تحفظی اور انصرامی کے تحت ماہی گیروں / مبصروں پر لازم ہے کہ ان باتوں پر عمل کریں

- مبصروں / ماہی گیروں کو کسی بھی سمندری کچھوے سے باہمی عمل کی صورت میں تاریخ اور مقام درج کرنا ہے اور متعلقہ عمل بردار مملکت کو رپورٹ کرے
- مبصروں / ماہی گیروں کو کچھوے کو زندہ اور اچھی حالت میں آزاد کرنے کے لئے ہر ممکن کوشش کرنی ہے
- سنگل (long line) پر موجود مبصروں / ماہی گیر یقین دہانی کریں کہ کشتی پر سنگل کو کاٹنے والا آلہ یا De-hooker موجود ہو
- کترے (purse seine) کشتیوں کو چاہیئے کہ سمندری کچھوؤں کو پکڑنے سے اجتناب کریں اور FAD کے ان ڈیزائن کو استعمال کریں جن سے سمندری کچھوؤں کے پھنسنے کو کم کیا جائے

## سمندری کچھوؤں کی مزید معلومات کے لئے:

- IOSEA Marine Turtle MoU: www.ioseaturtles.org
- KELONIA observatory of marine turtles: www.kelonia.org
- IUCN: www.iucnredlist.org / www.iucn-mtsg.org


KELONIA
l'observatoire des tortues marines
Ifremer
سمندری کچھوؤں کی شناختی کلید
خول
۔کھپرے نہیں
۔پانچ واضع ابھار
چنگل نہیں
خول
۔بڑے کھپرے
۔کوئی مسلسل ابھار نہیں
بازوؤں پر چنگل
چار جوڑے صدری کھپرے
پانچ جوڑے صدری کھپرے
۔زاویائی خول، تراشی ہوئی پشت کے ساتھ
۔رنگت سرخی مائل بھورے سے بھورا
چھ جوڑے صدری کھپرے
۔خول -/+ دائروی
۔رنگت سرمئی سبز
Dermochelys coriacea
(Leatherback turtle)
(Tortue luth)
Caretta caretta
(Loggerhead turtle)
(Tortue caouanne)
Lepidochelys olivacea
(Olive ridley turtle)
(Tortue olivâtre)
دو جوڑے قبل ماتھا چانے
متجاوز کھپرے
ہر بازو پر دو چنگل
ایک جوڑا قبل ماتھا چانے
متجاوز کھپرے نہیں
ہر بازو پر ایک چنگل
Eretmochelys imbricata
(Hawksbill turtle)
(Tortue imbriquée)
Chelonia mydas
(Green turtle)
(Tortue verte)
Illustrations: Dawn Witherington

کچھوؤں کے پہچاننے کے یہ کارڈ انڈین اوشین ٹیونا کمیشن (Indian Ocean Tuna Commission-IOTC) اور پیسفک کمیونٹی سکریٹریٹ کے تحت شائع کیئے جانے والے آگاہی مواد کے سلسلے کی ایک کڑی ہے۔ جس کا مقصد کشتیوں کے شکار کردہ جانور جو کہ IOTC کے انصرام کے تحت آتے ہیں اور سمندری کچھوؤں کے درمیان باہمی عمل کے مطلع کرنے کے عمل میں بہتری لائی جاسکے۔

WWF TRANSLATION PAK 2013

iotc ctoi

SPC Secretariat of the Pacific Community

اس کی اشاعت WWF, IOTC اور Smart Fishing Initiative کے باہمی تعاون کے ذریعے ممکن ہوسکی۔

مزید معلومات کے لئے رابطہ کریں:

انڈین اوشین ٹیونا کمیشن

لی چینئیر مال

پی او باکس ۱۰۱۱، وکٹوریا، سیشل

فون: 248 422 54 94+

فیکس: 248 422 43 64+

ای میل: secretariat@iotc.org

ویب سائیٹ: www.iotc.org

اردو ترجمہ:

محمد معظم، مسرت العین، زلیخا کنول

ڈبلیو ڈبلیو ایف - پاکستان

کراچی، پاکستان

اعتراف: ہم IFREMER, Secretariat of the IOSEA MoU اور KELONIA کے انتہائی مشکور ہیں کہ انہوں نے سمندری کچھوؤں کی شناخت کے کارڈ بنانے میں تعاون کیا۔

©Copyright: IOTC and SPC, 2011. Graphics and layout: Jipé Le-Bars.
IOTC version: Julien Million